مشاورت اور رہنمائ

آپ کے لیے جو جنسی تشدد، تشدد یا دوسرے پرخطر شخصی جرائم سے دوچار ہوئے ہیں

ANKLAGEMYNDIGHEDEN

محکمہ استغاثہ

مشمولات

یہ کتابچہ بیان کرتا ہے کہ اگر آپ پرخطر شخصی جرائم سے دوچار ہوۓ ہیں تو کیا ہوتا ہے

- جرم سے ممکنہ عدالتی کاروائ تک
- پورے دورانیے میں مدد حاصل کریں
- اگر کیس عدالت کے سامنے پیش ہو
- اگر کیس کو چھوڑنا پڑے
- ہرجانہ حاصل کرنے کا موقع

کتابچے میں ایک پیراگراف ان پیچھے رہنے والے قریبی لواحقین کے لیے ہے جن کا ایک قریبی فرد پرخطر شخصی جرائم کی نتیجے میں فوت ہوا ہے

جرم سے ممکنہ عدالتی کاروائ تک

تفتیش

جب پرخطر شخصی جرم واقع ہو تو پولیس کیس پر تفتیش کرتے ہوۓ آغاز کرتی ہے

ممکنہ میڈیکل معائینہ

ممکن ہے کہ کچھ کیسز میں ڈاکٹر نے آپ کا معائینہ کرنا ہو ۔ یہ مثلا ہنگامی وارڈ یا Center for Voldtægtofre یعنی عصمت دری کے شکار افراد کے سنٹر پر واقع ہو سکتا ہے ۔ آپ کی مرضی ہے کہ آیا آپ معائینہ کروانا چاہتے ہیں یا نہیں، لیکن ثبوت کی یقین دھانی کے لیے یہ ضروری ہو سکتا ہے

اگر ضروری ہو کہ آپ کا معائینہ کیا جاۓ، تو پولیس آپ سے اس کے بارے میں گفتگو کرے گی

شک اور الزام

اگر پولیس تجزیہ کرے کہ ایک خاص فرد کو ملزم ٹھرانے کی معقول وجہ ہے تو اس فرد کو جرم کا قصوروار ٹھرایا جاتا ہے ۔ جب تفتیش ختم ہوتی ہے تو محکمہ استغاثہ فیصلہ کرتا ہے کہ آئندہ کیا ہونا ہے

الزام عائد کرنا اور عدالتی کاروائ

اگر محکمہ استغاثہ تجزیہ کرے کہ ملزم کو عدالت کے ذریعے سے مجرم قرار دینے کے لیے ثبوت کافی ہیں تو وہ الزام عائد کرتا ہے ۔ الزام عائد کرنے کا مطلب ہے کہ کیس کو عدالت میں بیجھا جاتا ہے

کچھ اوقات کیس عدالت کے سامنے نہیں آتا ۔ یا خصوصا وہ کم سنجیدہ کیسز ہوتے ہیں جہاں کیس پر مثلا جرمانے کے ذریعے فیصلہ صادر کیا جاتا ہے

پورے دورانیے میں مدد حاصل کریں

اگر آپ پرخطر شخصی جرم سے دوچار ہوئے ہیں تو کیس کے دوران کئ افراد آپ کی مدد کر سکتے ہیں

Bistandsadvokat

امداری وکیل

امداری وکیل ایک وکیل ہوتا ہے جو پورے فوجداری کیس کے دوران آپ کی مدد کر سکتا ہے اور آپ کے فائدے کے لیے کوشاں ہوتا ہے ۔ امداری وکیل مفت ہوتا ہے اور مثلا اس طرح مدد کرے گا:

- پولیس کی تفتیش کے دوران، اور اگر کیس نے بعد میں عدالت میں جانا ہے، آپ کی مدد کر سکتا ہے اور آپ کو مشورے اور رہنمائ دے سکتا ہے
- اگر آپ کو ڈر ہے کہ مجرم آپ کو تلاش کر لے گا تو آپ کو مشورے دے گا
- ہرجانہ حاصل کرنے کے سلسلے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے، ہرجانے کا تعین کر کے اور ممکنہ عدالتی کاروائ کے دوران یا Erstatningsnævnet یعنی ہرجانے کے بورڈ کے سامنے، مطالبہ پیش کرنے کے ذریعے سے
- آپ کو سمجھا سکتا ہے کہ فوجداری کیس کیسے عمل پزیر ہوتا ہے اور اگر آپ نے عدالت میں گواہی دینی ہے تو وہ آپ کے ہمراہ جا سکتا ہے

کون امدادی وکیل کا حق رکھتا ہے؟

اگر آپ عصمت دری یا اس کی مثل سنجیدہ جنسی جرم کا شکار ہوئے ہیں تو آپ کو امدادی وکیل دیا جاتا ہے، صرف اس صورت میں نہیں اگر آپ انکار کر دیں

اگر آپ دوسرے پرخطر شخصی جرم سے دوچار ہوئے ہیں مثلا تشدد یا چوری، تو آپ نے خواہش پرخود پولیس کو امدادی وکیل کا کہنا ہے

ایک امدادی وکیل کے حصول کے سلسلے میں پولیس آپ کو مواقع کے بارے میں رہنمائ دے گی

عدالت فیصلہ کرے گی کہ آیا امدادی وکیل حاصل کرنے کی شرائط آپ پورا کرتے ہیں ۔ عدالت ہی فیصلہ کرتی ہے کہ کون سا وکیل ہو گا ۔ اگر آپ ایک خاص وکیل کی مدد چاہتے ہیں تو آپ اس کی خواہش کر سکتے ہیں

اگر آپ عصمت دری یا اس کی مثل جرم کا شکار ہوئے ہیں تو پولیس کی آپ سے پہلی بازپرس سے قبل، آپ کے پاس اپنے امدادی وکیل سے گفتگو کرنے کا موقع ہو گا ۔ لیکن بہرحال کچھ اوقات ضروری ہو سکتا ہے کہ امدادی وکیل سے گفتگو سے قبل، پولیس آپ سے سوالات کرے

رابطہ فرد

اگر پولیس توقع کرے کہ آپ نے عدالت کے سامنے بطور گواہ پیش ہونا ہے تو پولیس یا محکمہ استغاثہ کے ہاں آپ کو ایک رابطہ فرد مہیا کیا جائے گا ۔ اس طرح کیس کے حوالے سے سوالات کی صورت میں آپ ہمیشہ ایک جگہ رجوع کر سکیں گے

یہ نظام خصوصا عصمت دری، سنجیدہ تشدد اور شدید دھمکیوں کے کیسز میں لاگو ہوتا ہے

آپ پولیس کو بھی کہہ سکتے ہیں کہ وہ آپ کے لیے ایک رابطہ فرد متعین کرے

مشاورت
اور رہنمائ

Konfliktråd
تنازعات کو رفع کرنے کا بورڈ

کچھ کیسز میں آپ تنازعات کو رفع کرنے کے بورڈ میں حصہ لینے کا انتخاب کر سکتے ہیں ۔ یہ آپ اور مجرم کے مابین ایک میٹنگ ہوتی ہے جہاں آپ پرمحفوظ ماحول کے دوران وقوعہ کے حوالے سے، مجرم سے گفتگو کر سکتے ہیں

آپ اور مجرم کی مرضی ہے کہ آپ میٹنگ میں حصہ لینا چاہتے ہیں یا نہیں ۔ میٹنگ کے دوارن ایک ثالثی ہو گا

صرف ان کیسز میں تنازعات کو رفع کرنے کے بورڈ کی تشکیل ہو سکتی ہے جہاں مجرم نے اپنا جرم قبول کیا ہو

پولیس تجزیہ کرے گی کہ آیا ایک کیس تنازعات کو رفع کرنے کے بورڈ کے لیے موزوں ہے یا نہیں ۔ اگر آپ تنازعات کو رفع کرنے کے بورڈ میں حصہ لینا چاہتے ہیں تو آپ پولیس کو تجویز دیں

www.konfliktraad.dk پرمزید پڑھیں یا پولیس سے مواقع کے بارے میں پوچھیں

مدد کے دوسرے مواقع

Offerrådgivningen یعنی دوچار افراد کے لیے مشاورت کا ادارہ آپ کا رابطہ ماہرین افراد سے کروا سکتا ہے جو مختلف طرح کی مشاورت اوررہنمائ کی پیشکش کرتے ہیں ۔ اگر گمنام رہ کر کسی سے گفتگو کی حاجت ہو تو آپ یہاں رجوع کر سکتے ہیں ۔ ہر پولیس کے علاقے میں یہ ادارہ موجود ہوتا ہے ۔ پتے حاصل کریں اور **www.offerraadgivning.dk** پرمزید پڑھیں

آپ Landsforeningen Hjælp Voldsofre یعنی تشدد کے شکار افراد کی مدد کی قومی تنظیم سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں ۔ یہ ایک پرائیوٹ تنظیم ہے جو مختلف طرح کی مدد، رہنمائ اور مشاورت کی پیشکش کرتی ہے ۔ آپ **www.voldsofre.dk** پرمزید پڑھیں

اگر آپ عصمت دری کا شکار ہوئے ہیں تو آپ Center for Voldtægstofre یعنی عصمت دری کی شکار خواتین کے سنٹر کے ہاں مشورہ اور رہنمائ حاصل کر سکتے ہیں ۔ www. voldtaegt.dk پرمزید پڑھیں

دوچار جرم کے نتیجے میں اگر آپ کو پشت پناہی کی ضرورت ہے تو آپ کی بلدیہ بھی مدد کر سکتی ہے
کچھ اوقات ذاتی ڈاکٹر بھی آپ کو ماہرنفسیات کے ہاں رجوع کرنے کا کہہ سکتا ہے

دوچار جرم کے نتیجے میں آپ حکومت سے ہرجانہ حاصل کر سکتا ہے ۔ Erstatningsnævnet یعنی ہرجانے کے بورڈ کے بارے میں آپ **www.erstatningsnaevnet.dk** پرمزید پڑھ سکتے ہیں

اگر کیس عدالت کے سامنے پیش ہو

اگر پولیس مجرم کو تلاش کر لے اور کیس نے عدالت کے سامنے پیش ہونا ہے تو محکمہ استغاثہ آپ کو خط ارسال کرے گا کہ کیس میں الزام عائد کیا گیا ہے

عدالتی میٹنگ کے بارے میں اطلاع

عموما آپ نے عدالت میں گواہی دینی ہوتی ہے ۔ یعنی آپ نے پیش ہونا ہوتا ہے اور بیان دینا ہوتا ہے کہ کیا ہوا ۔ آپ کو خط ملے گا کہ آپ نے کہاں اور کب کیس میں پیش ہونا ہے ۔ اگر ملزم سے آپ نے ہرجانے کا مطالبہ کیا ہے تو بھی آپ کو عدالت میں طلب کیا جاتا ہے

اگر آپ نے عدالت میں بطور گواہ پیش نہیں ہونا اور ہرجانے کا مطالبہ نہیں کیا تو آپ محکمہ استغاثہ سے اطلاع حاصل کر سکتے ہیں کہ عدالتی کاروائ کب اور کہاں واقع ہو گی ۔ بنیادی طور پر عدالتی کاروائ تمام افراد کے لیے کھلی ہوتی ہے

آپ عدالت یا محکمہ استغاثہ سے فیصلے کی مفت کاپی منگوا سکتے ہیں

اگر آپ نے عدالت میں گواہی دینی ہو

اگر آپ کو عدالت میں بطور گواہ طلب کیا جاتا ہے تو آپ پر لازم ہے کہ آپ پیش ہوں ۔ بطور گواہ طلب نامے کے ساتھ آپ کو بتایا جائے گا کہ عدالتی میٹنگ کیسے واقع ہوتی ہے اور گواہ کی حیثیت سے آپ کے کیا حقوق و فرائض ہیں

اگر آپ بے یقینی کا شکار ہیں کہ عدالت میں کاروائ کیسے ہو گی تو عدالتی میٹنگ سے قبل آپ اپنے امداری وکیل، رابطہ فرد یا متعلقہ وکیل استغاثہ سے بات کر سکتے ہیں ۔ اس صورت میں بھی اگر عدالت میں گواہی دینا آپ کے لیے خاص طور پر بھوج کا باغث ہو

خاص لحاظ کے مواقع

اگرعدالت تجزیہ کرے کہ عدالت میں گواہی دینا آپ کے لیے خاص طور پر باعث بھوج ہو گا تو وہ آپ کا خیال کرتے ہوئے کچھ لحاظ کر سکتی ہے ۔ عموما وکیل استغاثہ یا آپ کا رابطہ فرد پیشگی عدالت سے یہ طے کر لیتے ہیں

خاص اوقات پولیس یا محکمہ استغاثہ مثلا عدالت سے طے کر سکتے ہیں کہ جب آپ عدالتی میٹنگ میں تشریف لائیں، تو ایک فرد آپ کے استقبال کے لیے کھڑا ہو ۔ یہ بھی طے پایا جا سکتا ہے کہ آپ ایک خاص گواہان کے کمرے میں انتظار کریں ۔ اس طرح آپ انتظار کے وقت میں ملزم یا دوسرے گواہوں سے ملنے سے بچ جائیں گے

اگر آپ خواہش ظاہر کریں تو عدالت کچھ اوقات فیصلہ کر سکتی ہے کہ جب آپ نے بیان دینا ہے تو ملزم ایک ایسی جگہ بیٹھے جہاں آپ اسے دیکھ نہ سکیں، مثلا عدالتی کمرے کے پچھلے حصے میں ۔ خاص اوقات میں عدالت یہ فیصلہ بھی کر سکتی ہے کہ جب آپ بیان دیں تو وہ کمرا ہی چھوڑ دے

بند دروازے

اگر آپ عصمت دری یا اس کی مثل جرم کا شکار ہوئے ہیں اور عدالت میں گواہی دینی ہے تو بیان کے دوران آپ کا حق ہے کہ دروازوں کو بند کیا جائے ۔ آپ کا امدادی وکیل یا وکیل استغاثہ عدالت سے بھی مطالبہ کر سکتے ہیں کہ دروازوں کو بند کیا جائے

دوسرے سنجیدہ کیسز میں آپ اپنے بیان کے دوران بھی، کچھ اوقات دروازوں کو بند کروا سکتے ہیں

جب دروازے بند ہوں تو صرف وہ افراد کمرے میں حاضر ہو سکتے ہیں جن کا کیس سے تعلق ہے ۔ جب دروازے بند ہوتے ہیں تو عدالت میں کہی گئ بات کو کھلے عام دہرایا نہیں جا سکتا، مثلا ذرائع ابلاغ میں

عدالت دوسرے فیصلے بھی کر سکتی ہے جس سے آپ کو اپنا بیان دینے میں مزید آسانی ہو ۔ اپنے امدادی وکیل، رابطہ فرد یا وکیل استغاثہ سے گفتگو کریں کہ عدالت کیا کر سکتی ہے

جب فوجداری کیس ختم ہو جائے

جب فوجداری کیس ختم ہو جائے گا تو آپ عدالت یا محکمہ وکیل استغاثہ سے فیصلے کی مفت کاپی منگوا سکتے ہیں

اگر آپ نے خواہش کی ہو کہ آپ کو مطلع کیا جائے کہ کیس پر کب اور کہاں سیشن کورٹ میں کاروائ ہو گی، تو اگر بعد میں فیصلے پر ہائ کورٹ میں اپیل کی جائے گی تو آپ کو بھی مطلع کیا جائے گا ۔ اگر آپ نے ہائ کورٹ میں گواہی دینی ہے تو آپ کو اطلاع دی جائے گی

جب مجرم اپنی سزا کاٹ چکے تو کچھ اوقات اس کی اطلاع آپ کو دی جا سکتی ہے ۔ اگر مجرم نے سزا کاٹنے کے بعد ایک آخبار، ٹی وی یا ریڈیو میں انٹرویو میں حصہ لینا ہے تو کچھ اوقات آپ کو اس کی اطلاع مل سکتی ہے ۔ آپ کا امدادی وکیل یا پولیس آپ کو مواقع کے بارے میں مزید بتا سکتے ہیں

اگر کیس کو چھوڑنا پڑے

کچھ کیسز میں پولیس تجزیہ کرے گی کہ بنیاد نہیں کہ کیس کو آگے لے کر جایا جائے، مثلا اس وجہ سے کہ جس معاملے پر کیس دائر کیا گیا ہے وہ سزاوار نہیں ۔ پھر پولیس کیس کو خارج کر دیتی ہے اور کیس میں مزید کچھ نہیں ہوتا

پولیس بھی فیصلہ کر سکتی ہے کہ تفتیش کو ختم کیا جائے، مثلا جب ملزم کو تلاش کرنا ناممکن نظر آئے

اگر پولیس کیس کو رد کر دے یا تفتیش کو روک دے تو آپ کو خط ملے گا ۔ خط میں درج ہو گا کہ اگر آپ پولیس کے فیصلے سے مطمئن نہیں تو آپ کیسے شکایت کر سکتے ہیں

حلانکہ پولیس نے ایک فرد پر الزام عائد کیا ہے پھر بھی محکمہ استغاثہ فیصلہ کر سکتا ہے کہ ملزم پر جرم کے حوالے سے کیس دائرنہ کیا جائے، مثلا اس وجہ سے کہ کیس میں ثبوت ناکافی ہیں

اگر یہ واقع ہو تو آپ کو محکمہ استغاثہ سے خط ملے گا کہ فوجداری کیس عائد نہیں ہو گا ۔ خط میں یہ بھی درج ہو گا کہ اگر آپ محکمہ استغاثہ کے فیصلے سے غیرمطمئن ہیں تو آپ کیسے شکایت کر سکتے ہیں

ہرجانے کا موقع

دوچار جرم کے نتیجے میں آپ کچھ اوقات حکومت سے ہرجانہ حاصل کر سکتے ہیں

پولیس آپ کی مدد کرے گی کہ آپ ہرجانے کے لیے کیسے درخواست دیں ۔ اگر آپ کا امدادی وکیل ہے تو وہ ہرجانے کے تعین میں آپ کی مدد کر سکتا/ سکتی ہے

www.erstatningsnaevnet.dk پرآپ مزید پڑھ سکتے ہیں

پیچھے رہنے والے قریبی لواحقین

اگر جرم کے نتیجے میں شکار ہونے والا شخص مارا جائے تو پولیس یا محکمہ استغاثہ ایک ممکنہ قریبی لواحقین فرد کو فوجداری کاروائ سے آگاہ رہنے کے مواقع کے بارے میں اطلاع کرے گا

ایک "قریبی لواحقین فرد" وہ شخص ہوتا ہے جو فوت شدہ فرد کے سب سے قریب ہو، مثلا زوج یا ساتھ رہنے والا/ والی

اگر کیس میں الزام عائد کیا جائے تو قریبی لواحقین فرد کو مطلع کیا جائے گا اور پوچھنے پر اسے بتایا جائے گا کہ عدالتی میٹنگ کب اور کہاں واقع ہو گی

اگر پولیس یا محکمہ استغاثہ مثلا تفتیش کو روک دے یا عدالتی کیس کو چھوڑ دے تو پیچھے رہنے والا قریبی لواحقین فرد بھی مطلع کیا جائے گا ۔ لواحقین فرد ان فیصلوں پر شکایت کر سکتا/ سکتی ہے

خاص اوقات میں ایک قریبی لواحقین فرد پولیس کو ایک امدادی وکیل کا کہہ سکتا ہے

ایک امدادی وکیل ممکنہ ہرجانے کے حوالے سے سوالات کے جوابات دے سکتا ہے ۔ وکیل ہرجانے کے تعین کے لیے اورعدالت میں اس حوالے سے مطالبہ پیش کرنے کے لیے بھی مدد کر سکتا ہے

یہاں مزید پڑھیں

پولیس کا ہوم پیج
www.politi.dk > Borgerservice > Servicedeklarationer

Det Kriminalpræventive Råd کا ہوم پیج **www.dkr.dk**

Erstatningsnævnet کا ہوم پیج
www.erstatningsnaevnet.dk

Rigsadvokaten
سرکاری وکیل استغاثه
Frederiksholms Kanal 16
1220 København K

www.anklagemyndigheden.dk

RIGSADVOKATEN

REDAKTØR: MIKKEL THASTUM · DESIGN OG PRODUKTION: KAREN CHRISTENSEN DESIGN · TRYK: PRINFOHOLBÆK-HEDEHUSENE-KØGE